اے اللہ! میں قرض کے غلبہ، دشمن کے غلبہ اور مصیبت میں دشمنوں کی خوشی سے تیری پناہ چاہتا ہوں

عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم یہ دعائیں کیا کرتے تھے: "اے اللہ! میں قرض کے غلبہ، دشمن کے غلبہ اور مصیبت میں دشمنوں کی خوشی سے تیری پناہ چاہتا ہوں"

[صحيح] [رواه النسائي وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے درج ذیل چیزوں سے پناہ مانگی ہے: 1- "اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ" اے اللہ! میں صرف اور صرف تیری پناہ مانگتا ہوں قرض کے دباؤ، بوجھ، غم اور بے چینی سے میں تیری مدد مانگتا ہوں اس بات پر کہ اسے ادا کر سکوں 2- "وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ" دشمن کے قہر و تسلط سے دعا ہے کہ تو اس کے ظلم و ستم کو روک لے اور مجھے اس پر فتح یاب کرے 3- "وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ" مسلمانوں کے اوپر آنے والی بلا و مصیبت پر دشمنوں کے خوش ہونے سے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5489

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY